© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ پردہ اسلامی حکم نہیں، رواج ہے۔ (ڈاکٹر رفعت)

دامن جاہل! خدا ڈھانپ لے پردہ تیرا

☆ لاہور: پریزائڈنگ افسر خود مہر لگاتا رہا۔ (ایک خبر)

۳۰/ اپریل فول

☆ میری بیٹی اداکاری کرتی ہے۔ (ڈاکٹر رفعت)

ہر ایرے غیرے پہ مرتی ہے۔

☆ طلباء کے ٹیکنیکل اداروں میں لڑکیوں کو داخلہ دیا جائے گا۔ (گورنر خالد مقبول)

نتیجہ ٹیکنیکل ہی نکلے گا۔

☆ سنگسار کی سزا موجودہ حالات میں جائز نہیں۔ (مفتی غلام سرور قادری)

حضور ﷺ کے وقت میں سنگسار کرنے کے واقعات ہیں، جو اُس وقت کی ضرورت تھے۔ (جاوید اقبال)

یادش بخیر! ستّی و پنّوں کے ہم جلیس
زندہ دلان شہر کو بیمار کر چلے
پھٹکار ان بتوں پہ خدا اور رسولؐ کی
جو نسلِ نو کو دین سے بیزار کر چلے

☆ حکومت، مقبوضہ کشمیر میں مداخلت نہیں کرے گی۔ مجاہدین کا وائرلیس سسٹم ختم کر دیا ہے۔ (ایک خبر)

کیا حکومت پہلے یہ دونوں کام کرتی رہی ہے؟

☆ پانچ سال کے لئے صدارت پکی۔ (ایک خبر)

اللہ ہی جانتا ہے۔

☆ ہم نام کے مسلمان ہیں۔ (حنیف رامے)

پہلی دفعہ سچی بات کی ہے۔


© rasailojaraid.com